**PRESS RELEASE**
For immediate release
March 25, 2026

**SECP Advances Pension Reform, Authorizes Pension Funds for Balochistan**

**ISLAMABAD, March 25:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has approved seven pension funds for the Government of Balochistan, marking the practical implementation of the Defined Contribution (DC) pension model in the province.

This development is part of the government's broader strategy to shift from the traditional Defined Benefit (DB) pension system to a more sustainable and transparent Defined Contribution framework.

Punjab and Khyber Pakhtunkhwa have already implemented contributory pension schemes, while the Federal Government and Sindh are in the process of operationalizing their pension fund structures. It is noteworthy that the Federal Government and all provincial governments in Pakistan have introduced the required legal frameworks to support this transition.

The SECP is playing a central enabling role in shifting Pakistan from the traditional Defined Benefit system to a modern Defined Contribution pension framework. This new system will help reduce government's long-term pension liabilities, gradually move pension obligations off the budget, and improve fiscal sustainability.

The seven pension funds approved for Balochistan, under the Balochistan Contributory Pension Scheme Rules, 2025. The approved pension funds will be managed by leading, SECP-licensed and A-rated pension fund managers, including Atlas Asset Management Limited, ABL Asset Management Limited, Pak Qatar Family Takaful Limited, Faysal Asset Management Limited, and Al Meezan Investment Management Limited. The SECP has also approved the offering documents of these funds.

In addition, applications for approval of 17 more pension funds are currently under process with pension fund managers.

Under the Defined Contribution model, pension benefits are based on contributions made by both employees and employers into individual accounts. This system ensures transparency and gives employees greater control over their retirement savings. The funds are professionally managed, and retirement benefits depend on total contributions and investment returns.

The SECP has been closely working with federal and provincial governments to ensure the smooth and effective implementation of pension reforms across Pakistan.

**پنشن اصلاحات؛ایس ای سی پی نے بلوچستان حکومت کے سات پنشن فنڈز کی منظوری دے دی**

**اسلام آباد،25مارچ:** پاکستان میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے سرکاری ملازمین کے لیے کنٹری بیوشن پنشن اسکیمیں متعارف کرنے کے سلسلے میں، سیکیورٹیزاینڈایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے حکومتِ بلوچستان کے لیے سات پنشن فنڈز کی منظوری دے دی ہے۔صوبائی حکومت کے پنشن فنڈز متعارف ہونے سے اب بلوچستان حکومت باقاعدہ طور پر نئے کنٹری بیوشن پنشن سسٹم پر منتقل ہو گئی ہے۔

اس سلے پہلے پنجاب اور خیبر پختونخوا کی حکومتیں کنٹری بیوشن پنشن اسکیمیں متعارف کر چکی ہیں۔وفاقی حکومت اور سندھ میں پنشن فنڈز کے ڈھانچے کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔

ایس ای سی پی پاکستان میں سرکاری ملازمین کے روایتی ڈیفائنڈ بینیفٹ پینشن سسٹم کو نئے کنٹری بیوشن پنشن فریم ورک کی جانب منتقل کرنے میں حکومت کو اہم معاونت فراہم کر رہاہے۔نئے پینشن سسٹم سے وفاقی ورصوبائی حکومتوں کے طویل المدتی پنشن واجبات میں نمایاں کمی واقع ہوگی اور مالیاتی استحکام بہتر ہوگا۔

بلوچستان کے لیے منظور کیے گئے سات پنشن فنڈز، بلوچستان کنٹری بیوشن پنشن اسکیم رولز2025 کے تحت قائم کیے گئے ہیں، جن کا انتظام پانچ لائسنس یافتہ پنشن فنڈ مینیجرز کریں گے۔ایس ای سی پی نے ان فنڈز کے آفرنگ ڈاکیومنٹس کی بھی منظوری دے دی ہے۔

پاکستان میں وفاقی اور تمام صوبائی حکومتوں نئے کنٹری بیوشن پنشن فریم ورک متعارف کروانے کے لیے درکار قانونی فریم ورک متعارف کرواچکی ہیں۔

پاکستان میں پرانے ڈیفائنڈ بینیفٹ نظام کے تحت کسی بھی ملازم کی پنشن،اس کے آخری تنخواہ اور ملازمت کے سالوں کی بنیاد پر طے کی جاتی تھی، جبکہ اس کی مکمل مالی ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی تھی۔ حکومتوں کی پنشن لائیبیلٹی میں مسلسل اضافہ ہو رہا تھا۔

اس کے برعکس،ڈیفائنڈ کنٹری بیوشن ماڈل میں ملازم اور آجر دونوں انفرادی پنشن اکاؤنٹس میں حصہ ڈالتے ہیں۔ملازمین کو اپنی بچت کی گئی پیشن کی رقم پر زیادہ کنٹرول حاصل ہوتا ہے اور شفافیت قائم رہتی ہے۔ریٹائرمنٹ کے فوائد، جمع شدہ کنٹری بیوشنز اور اس کی سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والی آمدن پر مبنی ہوتے ہیں۔ان پنشن فنڈز کو ایس ای سی پی کے لائسنس یافتہ پنشن فنڈ مینیجرز منظم کرتے ہیں۔

ایس ای سی پی نے رضاکارانہ پنشن اسکیموں کے لیے جامع ریگولیٹری فریم ورک تشکیل دیا ہے اور نئے پیشن نظام کی جانب منتقلی کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو معاونت فراہم کر رہاہے۔